# 373

آیات نمبر 63 تا 69 میں بیان کہ اس دنیا کی زندگی تو بس لہو و لہب ہی ہے، اصل ٹھکانہ تو آخرت ہی کا ہے سو جس کا وہ اچھا ہو گا وہی کامیاب ہے۔ مشرکین کا یہ حال ہے کہ جب کسی مشکل میں گرفتار ہوتے ہیں تو اللہ کو پکارتے ہیں لیکن جب اللہ نجات دے دیتا ہے تو شرک کرنے لگتے ہیں۔ صبر و تحمل سے مشکلیں برداشت کرنے پر اہل ایمان کو بڑے اجر کی بشارت۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! اگر آپ ان سے دریافت فرمائیں کہ وہ کون ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس کے ذریعہ اس زمین میں جان ڈال دی جو مردہ ہو چکی تھی، وہ ضرور یہی جواب دیں گے کہ وہ اللہ ہی ہے، آپ ان سے کہئے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ اصل بات یہ ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ عقل سے کام نہیں لیتے

رکوع [٦] وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾ یہ دنیا کی زندگی ایک کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں، اور اصل دائمی اور حقیقی زندگی تو آخرت کی زندگی ہی ہے، کیا اچھا ہوتا کہ یہ لوگ اس بات کو سمجھ لیتے وہ تمام اعمال جو محض اس فانی زندگی کے لئے کئے جائیں ان کی مثال کھیل تماشے کی سی ہے کہ جب تک اس میں مشغول ہیں لطف اندوز ہو رہے ہیں جیسے ہی کھیل ختم ہوا سب کچھ جاتا رہا، اسی طرح دنیا کے لئے کئے گئے اعمال کا فائدہ بھی صرف اس چند روزہ زندگی ہی میں حاصل رہے گا، البتہ وہی وقت اگر کسی ایسے عمل میں لگایا جائے

جو آخرت کی زندگی میں فائدہ دے تو اس وقت کو دوام حاصل ہو جاتا ہے کیونکہ ان اعمال کے صلہ
میں آخرت کی زندگی میں حاصل ہونے والی نعمتیں ہمیشہ ہمیشہ باقی رہیں گی۔ فَاِذَا رَکِبُوۡا
فِی الۡفُلۡکِ دَعَوُا اللّٰہَ مُخۡلِصِیۡنَ لَہُ الدِّیۡنَ ۬ۚ پھر جب یہ لوگ ایک کشتی میں
سوار کسی مشکل میں گرفتار ہوتے ہیں تو خالص اللہ ہی پر اعتقاد رکھ کر اسے پکارتے
ہیں فَلَمَّا نَجّٰہُمۡ اِلَی الۡبَرِّ اِذَا ہُمۡ یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۶۵﴾ پھر جب وہ انہیں بچا کر
خشکی پر لے آتا ہے تو یہ فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں لِیَکۡفُرُوۡا بِمَاۤ اٰتَیۡنٰہُمۡ ۚۙ وَ
لِیَتَمَتَّعُوۡا ۟ فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۶﴾ جس کا حاصل اس کے سوا کچھ نہیں کہ جو
احسان ہم نے ان پر کیا ہے اس کی ناشکری کرتے ہیں، بہر حال زندگی کی آسائشوں کا
چند دن اور فائدہ اٹھالیں، سو عنقریب انہیں اپنے اعمال کا انجام معلوم ہو جائے گا اَوَ
لَمۡ یَرَوۡا اَنَّا جَعَلۡنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ یُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنۡ حَوۡلِہِمۡ ؕ کیا
انہوں نے دیکھا نہیں کہ ہم نے ان کے شہر مکہ کو امن اور پناہ کی جگہ بنا دیا ہے جبکہ
ان ہی کے قرب و جوار کے لوگوں کو لوٹ کر قتل کر دیا جاتا ہے اَفَبِالۡبَاطِلِ
یُؤۡمِنُوۡنَ وَ بِنِعۡمَۃِ اللّٰہِ یَکۡفُرُوۡنَ ﴿۶۷﴾ کیا اس پر بھی یہ لوگ باطل معبودوں پر
ایمان لاتے ہیں اور اللہ کے احسان کی ناشکری کرتے ہیں وَ مَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ
افۡتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوۡ کَذَّبَ بِالۡحَقِّ لَمَّا جَآءَہٗ ؕ اَلَیۡسَ فِیۡ جَہَنَّمَ
مَثۡوًی لِّلۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۶۸﴾ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ
بہتان باندھے یا جب حق اس کے پاس آجائے تو اس کی تکذیب کرے؟ کیا ایسے

کافروں کا آخری ٹھکانہ جہنم نہیں ہو گا؟ وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ

سُبُلَنَاؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۠﴿۶۹﴾ اور جن لوگوں نے ہمارے لئے

مشقتیں برداشت کیں تو ہم بھی ان پر اپنی راہیں ضرور کھولیں گے ، اور بلاشبہ اللہ

خلوص کے ساتھ عمل کرنے والوں کے ساتھ ہے رکوع[7]

# [#373]

Verses 63 to 69 explain that the life of this world is merely amusement and play, while the real abode is the Hereafter. Only those who secure a good outcome in the Hereafter will be truly successful. The condition of the polytheists is such that, when they are afflicted with difficulty, they call upon Allah, but once He rescues them, they revert to associating partners with Him. These verses also give glad tidings of a great reward for the believers who patiently endure hardships with perseverance.

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ

[O Prophet!], if you ask them, 'Who sends down from the sky, water, with which He gives life to the earth after its death?' they will surely say, 'It is Allah.' Say [to them], 'All praise is for Allah [alone].'

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ رکوع[٦]

In fact, most of them do not understand.

وَ مَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ وَ اِنَّ الدَّارَ
الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾

And this worldly life is nothing but amusement and play. But, indeed, it is the abode of the Hereafter that is, most surely, [a life which is] everlasting, if only they were to know.

فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ۬
فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٥﴾

And when they happen to be aboard a ship [and face a danger at sea], they call upon Allah [alone] with sincere devotion to Him. But when He rescues them [safely] to shore, immediately they associate gods with Him [once again].

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝٦٦

[The result of this is nothing but], that they become ungrateful for the favor, We have bestowed upon them. Let them enjoy the comforts of this life [for a little while], but soon they will come to know [the outcome of their deeds].

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۭ

Then [as to the people of Makkah], Have they not considered that We have made the Sacred City [of Makkah] a place of security and refuge [for them], while people [all] around them are being robbed and killed?

اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ﴿۶۷﴾

Do they still believe in falsehood, and deny the favour of Allah?

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ
بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْكٰفِرِیْنَ﴿۶۸﴾

And who is more unjust than the one, who fabricates lies against Allah, or denies the truth when it has come to him? Is there not, a dwelling place in Hell, for the disbelievers?

وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ
الْمُحْسِنِیْنَ﴿۶۹﴾ رکوع [۷]

And for those who strive for Us [against every evil], We will surely guide them to Our path. And indeed, Allah is with the [righteous] who excl in [doing] good.